سبق نمبر	سبق کا عنوان	مہارتیں	سرگرمی
12	ہندوستان میں زراعت	خود آ گہی، تنقیدی غور و فکر، موثر ترسیل، مسائل کا حل	کسانوں کے مسائل حل کرنا

مفہوم و معنی:

ہندوستان کو کسانوں کا ملک کہا جاتا ہے اور یہ کسان عام طور پر دیہی علاقوں میں رہتے ہیں۔ وہ کھیتی باڑی کرتے ہیں اور اس طرح سے ملک کی مدد کرتے ہیں۔ چنانچہ زراعت ملک کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ملک کے مختلف حصوں میں مختلف طرح کی زرعی سرگرمیاں پائی جاتی ہیں۔ کھیتی باڑی کے مقصد کی بنیاد پر زراعت کو مختلف زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

زراعت



اپنی سوجھ بوجھ کو بڑھایئے

خوراک کے مقصد سے کھیتی باڑی: کھیت یا زرعی زمین سے پیداوار جو عام طور پر اپنے استعمال کے لیے کی جاتی ہے۔

تجارتی کھیتی باڑی: زیادہ تر پیداوار کو سرمایہ کمانے کے لیے منڈی میں فروخت کر دیا جاتا ہے۔

بڑی زمین پر کھیتی باڑی: جب بڑی زمین پر ایک ہی فصل کی کاشت کی جاتی ہے تو اسے وسیع پیمانے پر کھیتی باڑی کہتے ہیں۔

کثرتی کھیتی باڑی: زمین کے ایک ہی ٹکڑے پر ایک ہی سال میں کئی بار کھیتی باڑی کرنا تاکہ زیادہ سے زیادہ معاوضہ حاصل کیا جائے۔

پودکاری زراعت: ایک ہی طرح کی کھیتی باڑی کو اچھی طرح سے کرنا اور پیداوار کو منڈی میں فروخت کرنا

ملی جلی کھیتی باڑی: یہ اس طرح کی صورت حال ہے، جس میں فصلوں کی کاشت اور مویشی پالن اور ایک ساتھ کیا جاتا ہے۔

ہندوستان کی خاص فصلیں

فصل	درجۂ حرارت	بارش	مٹی	محنت	تقسیم
چاول	22°C سے 32°C	150 سے 300 سینٹی میٹر	گہری چکنی اور حلواں مٹی	سستی محنت	تامل ناڈو، مغربی بنگال، آندھرا پردیش، بہار، جھارکھنڈ، چھتیس گڑھ، پنجاب، اوڈیشہ، اتر پردیش، کرناٹک، آسام، مہاراشٹر
گیہوں	بوائی کے وقت 16° سے 26° سینٹی گریڈ	75 سینٹی میٹر اور سینچائی	چکنی اور بلوی	کم محنت	اتر پردیش، پنجاب، ہریانہ، راجستھان، مدھیہ پردیش، گجرات، مہاراشٹر
باجرہ	27°c سے 32° سینٹی گریڈ	50 سے 100 سینٹی میٹر	سیلابی اور بلوی مٹی	سستی محنت	مدھیہ پردیش، گجرات، راجستھان، مہاراشٹر، کرناٹک، تامل ناڈو، آندھرا پردیش، ہریانہ، پنجاب
دالیں	20°c سے 32°	45-40 سینٹی میٹر	بلوی	کم محنت	مدھیہ پردیش، اتر پردیش، راجستھان، ہریانہ، مہاراشٹر
گنّا	21°c سے 27°c	75 سے 150 سینٹی میٹر	بلوی	سستی محنت	بہار سے پنجاب تک ستلج، گنگائی میدان، مہاراشٹر کی کالی مٹی کے علاقوں سے تامل ناڈو، ساحلی آندھرا پردیش اور دریائے کرشنا کی وادی تک پنجاب، مہاراشٹر، ہریانہ
مونگ پھلی	20°c سے 30°c	58 سے 5 سینٹی میٹر	ریتیلی، بلوی، لال	سستی محنت	آندھرا پردیش، تامل ناڈو، گجرات، مہاراشٹر، کرناٹک، اوڈیشہ
چائے	20° سے 30° سینٹی گریڈ	150 سے 300 سینٹی میٹر	زرخیز بلوی	سستی اور کارگر	آسام کی برہم پتر اور سرما وادیاں، دارجلنگ، سلی گوڑی، جلپائی گوڑی، کوچ بہار اور تامل ناڈو کی نیلگری پہاڑیاں
کافی	15°c سے 28°c	150 سے 250 سینٹی میٹر	سستی اور کارگر محنت	جنوبی ہند کے پہاڑی علاقے	

هندوستانی زراعت کی نمایاں خصوصیات

- غذا کی غرض سے زراعت
- زراعت پر آبادی کا دباؤ
- زراعت کی میکانکی کاری
- مانسوں پر انحصار
- نسلوں کی قسم
- غذائی فصلوں کا غلبہ
- موسمی زرعی نمونے

هندوستانی زراعت کے سامنے چنوتیاں

- فارم ان پٹ کی زیادہ لاگت
- مٹی کی زرخیزیت میں کمی
- عالمگیریت کے اشاعت
- زمینی پانی میں قلت
- غذائی تحفظ کی فراہمی
- عالمی موسمی تبدیلیوں کے منفی اثرات
- کسانوں کی خودکشی

اپنا تجزیہ کریں

سوال: حالیہ برسوں میں زراعت میں آپ نے کیا تبدیلیاں نوٹ کیں؟

سوال: آپ کے خیال میں فصلوں میں ان تبدیلیوں کے کیا اسباب ہیں؟

سوال: کیا آپ اپنے علاقہ میں زراعت میں کسی بڑی تبدیلی کو دیکھتے ہیں؟